
Process Safety Beacon
Messages for Manufacturing Personnel
www.aiche.org/ccps/process-safety-beacon
An AIChE Technology Alliance
CCPS
Center for Chemical Process Safety
aiche.org/ccps
This issue sponsored by
ioMosaic®
Minimizing risk. Maximizing potential.®
www.iomosaic.com

جنوری ۲۰۲۶

# نیئر مِسزمستقبل کے واقعات کی پیشین گوئی کرتے ہیں




شکل ۱ - سی سی پی ایس پروسیس سیفٹی میٹرکس گائیڈ سے میٹرکس مثلث (ورژن ۴/۱، ۲۰۲۲)

ایک دیکھ بھال کرنے والے کارکن نے دباؤ والی ہوا کی سروس میں ایک والو (Valve)کھولنا شروع کیا، حالانکہ بتایا گیا تھا کہ لائن کا دباؤ ختم کر دیا گیا ہے۔ اس کے باوجود، کچھ دباؤ باہر نکلا۔ کوئی چوٹ نہیں آئی۔

گشت کے دوران، ایک آپریٹر نے کئی نمونہ لینے والے مقامات (sample points) کو ڈھکنوں کے بغیر پایا، لیکن کسی قسم کا کوئی اخراج (release) نہیں ہوا تھا۔

یہ دونوں قریب سے گزر جانے والے حادثات (Near-Misses) کی مثالیں ہیں۔ بعض کمپنیاں انہیں قریب سے ٹکر (Near-Hits) بھی کہتی ہیں۔

نیئر مِسز:
"واقعات کا ایک غیر منصوبہ بند تسلسل جو اگر حالات مختلف ہوتے یا انہیں آگے بڑھنے دیا جاتا تو نقصان یا ضرر کا باعث بن سکتا تھا، لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہوا۔(CCPS Glossary) "

عملی طور پر زیادہ تر کمپنیاں حادثات کی رپورٹ اور ان کی تحقیقات کرتی ہیں۔ بہت سی کمپنیاں قریب سے گزر جانے والے حادثات ( نیئر مِسز) کی رپورٹیں بھی جمع کرتی ہیں۔ اگرچہ یہ معمولی واقعات ہوتے ہیں، پھر بھی انہیں عام طور پر ان حالات کی ایک مؤثر نشاندہی سمجھا جاتا ہے جو بالآخر کسی بڑے سانحے کا سبب بن سکتے ہیں۔

نیئر مِسز، شکل 1 میں دکھائے گئے میٹرکس مثلث کے Tier 3 میں شامل ہیں۔ CCPSپروسیس سیفٹی میٹرکس گائیڈ مکمل طور پر یہاں قابل رسائی ہے: https://www.aiche.org/sites/default/files/docs/pages/ccps_process_safety_metrics_-_v4.1.pdf

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- نیئر مِسزکی کچھ مزید مثالیں یہ ہیں:
- یہ معلوم کرنا کہ جو طریقہ کار استعمال میں ہے، وہ تازہ ترین ورژن نہیں ہے۔
- عمل کا ایک آلہ خستہ حالت میں پایا گیا ہے یا پھر کیلیبریشن (calibration) سے باہر ہے۔
- فیلڈ معائنہ کی رپورٹس پر گمشدہ معلومات یا ڈیٹا کو نوٹ کرنا۔
- خام مال کا ایک پیلیٹ (pallet)جو گودام میں ہونا چاہیے تھا وہ کئی دنوں سے پلیٹ فارم (dock) پر رکھا ہوا ہے۔
- نیئر مِسز ایک یا ایک سے زیادہ پراسیس سیفٹی سسٹمز میں مسائل کی نشاندہی کرتی ہیں۔ اگر ان کی اصلاح نہ کی گئی تو مستقبل میں کوئی زیادہ سنگین حادثہ پیش آ سکتا ہے۔
- نیئر مِسز حادثات کو شاید تفتیش (investigation) کی ضرورت نہ ہو، لیکن ممکنہ طور پر سنگین رُجحانات کو ظاہر کرنے کے لیے ان کی رپورٹنگ، جمع بندی اور تجزیہ لازمی ہے۔
- کمپنیوں کے پاس نیئر مِسز حادثات کی اپنی اِصطلاح اور انہیں رپورٹ کرنے کے اپنے سسٹمز (نظام) ہوتے ہیں۔
- تمام نیئر مِسز حادثات صرف فیلڈ میں ہی نہیں ہوتے؛ وہ کنٹرول روم، مینٹی نینس شاپ یا کسی بھی جگہ ہو سکتے ہیں۔
- نیئر مِسز واقعات کی فعال رپورٹنگ کا نظام، ایک مؤثر عملیاتی حفاظتی ثقافت کی علامت ہے۔
- کئی ادارے بہتری کے شعبوں کی نشاندہی کے لیے نیئر مِسز واقعات کا باقاعدہ معائنہ کرتے ہیں۔

## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- اپنی کمپنی میں نیئر مِسز یا قریب سے ٹکر (Near-Hits) کا مفہوم معلوم کریں اور انہیں رپورٹ کرنے کا طریقہ جانیں۔
- اپنی روزمرہ کی سرگرمیوں میں، قریب سے گزر جانے والے حادثات ( نیئر مِسز)پر نظر رکھیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ آپ کے خیال سے زیادہ ہوں۔
- نیئر مِسز حادثات کو اپنے سپروائزر کو رپورٹ کریں۔
- حفاظتی اجلاسوں (safety meetings) کے دوران پوچھیں کہ نیئر مِسز حادثات کے نظام سے کیا سیکھا گیا ہے۔

**نیئر مِسز واقعات کو رپورٹ کریں۔ معمولی مسائل کی اصلاح بڑے نقصان دہ واقعے کو ٹال سکتی ہے ۔**

©AIChE 2026. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or +1 646-495-1371.